بسم اللہ الرحمن الرحیم
جاء الحق
حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ
نعیمی کتب خانہ گجرات
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور
وقل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا
وقل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

۷۸۶
۹۲

ورفعنا لک ذکرک کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ وشاب مفید عاقل موقظ غافل

مسمّٰی بہ

جاء الحق وزہق الباطل

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اول)

اضافات جدیدہ وضمیمہ عجیبہ کے ساتھ

جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کردیا گیا ہے

مصنفہ

حضرت حکیم الامت مولٰنا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ

سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باہتمام

محمد اقتدار خاں عرف مصطفٰے میاں

ناشر: مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

دنوں بعد تو سارے ہی قبطی غرق کر دیئے گئے۔ رہا اس فعل کو عمل شیطان فرمانا۔ یہ آپ کی انتہائی کسرِ نفسی اور عاجزی کا اظہار ہے کہ خلافِ اولیٰ کام کو بھی اپنی خطا سمجھا یعنی یہ کام وقت سے پہلے ہو گیا جب قبطیوں کی ہلاکت کا وقت آتا تو یہ بھی ہلاک ہوتا فَغَفَرَ لَهٗ اور ظَلَمْتُ نَفْسِیْ سے دھوکا نہ کھاؤ کہ یہ الفاظ خطا پر بھی بولے جاتے ہیں یا ہٰذا سے قبطی کا ظلم مراد ہے یعنی یہ ظلم شیطانی کام ہے۔

اعتراض ۹:۔ رب تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی معلوم ہوا کہ آپ بھی پہلے گمراہ تھے بعد کو ہدایت ملی۔

جواب:۔ یہاں جو کوئی ضال کے معنی گمراہ کرے وہ خود گمراہ ہے۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰی تمہارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم نہ کبھی گمراہ ہوئے نہ بہکے یہاں ضال کے معنی وارفتہ محبت الٰہی ہیں اور ہدایت سے مراد درجہ سلوک ہے یعنی رب نے آپ کو اپنی محبت میں سرشار اور وارفتہ پایا تو آپ کو سلوک عطا فرمایا۔ برادران یوسف علیہ السلام نے یعقوب علیہ السلام سے عرض کیا تھا اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ۔ یا اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ یہاں ضل بمعنی وارفتگی محبت ہیں۔ شیخ عبدالحق نے مدارج النبوت جلد اول باب پنجم میں فرمایا کہ عربی میں ضال وہ اونچا درخت ہے جس سے لگے ہوئے لوگ ہدایت پائیں یعنی اے محبوب ہدایت دینے والا بلند و بالا درخت رب نے تمہیں کو پایا کہ ہو عرش فرش ہر جگہ سے نظر آئے لہٰذا تمہارے ذریعہ مخلوق کو ہدایت دے دی یعنی ھدیٰ کا مفعول عام لوگ ہیں نہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور بھی اس کے بہت سے معنی کیے گئے ہیں۔

اعتراض ۱۰:۔ رب فرماتا ہے لِیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ یعنی تاکہ رب تعالیٰ تمہارے اگلے پچھلے گناہ معاف کرے۔ معلوم ہوا کہ آپ گنہگار تھے۔ حضور علیہ السلام بھی ہمیشہ اپنے لیے دعائے مغفرت کرتے تھے اگر گنہگار نہ تھے تو استغفار کیسی؟

جواب:۔ اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ مغفرت سے مراد عصمت اور حفاظت ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ آپ کو ہمیشہ گناہوں سے محفوظ رکھے۔ روح البیان اَلْمُرَادُ بِالْمَغْفِرَةِ الْحِفْظُ وَالْعِصْمَةُ اَزَلًا وَّاَبَدًا۔ فَیَكُوْنُ الْمَعْنٰی یَسْتَحْفِظُكَ وَیَعْصِمُكَ مِنَ الذَّنْبِ الْمُتَقَدَّمِ وَالْمُتَاَخِّرِ دوسرے یہ کہ ذنب[1] سے نبوت سے پہلے کی خطائیں مراد ہیں۔ تیسرے یہ کہ ذنبک میں ایک مضاف پوشیدہ ہے یعنی آپ کی امت کے گناہ جیسا کہ لک فرمانے سے معلوم ہوا۔ یعنی تمہاری وجہ سے تمہاری امت کے گناہ معاف کرے اگر آپ کے گناہ

[1] مگر یہ بالکل ہی غلط توجیہہ ہے